حیدر آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی

کمرہ نمبر: 113 پہلی منزل واپڈا آفس کمپلیکس
سینٹرل بلڈنگ حسین آباد حیدر آباد
Email : pro@hesco.gov.pk

فون نمبر: 022-9260511
022-9260452
فیکس نمبر: 022-9260361/9260452

پی آر سیکشن

تاریخ: **26.04.2021**

پریس ریلیز

Covid-19 کی تیسری لہر کی وجہ سے تمام صارفین گھروں میں رہیں، ماسک، سینیٹائیزر کا باقاعدہ استعمال کریں، خود بھی محفوظ رہیں اور اپنوں کو بھی محفوظ رکھیں، حیسکو دفاتر آنے سے گریز کریں اور اپنی شکایات کا حل ٹیلی فون کے ذریعے کروائیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب کی کرونا وبأ سے بچاؤ کیلئے صارفین سے اپیل۔ حیسکو ترجمان

حیدر آباد (　　) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو محمد یعقوب نے حیسکو ریجن کے 13 اضلاع کے 11 لاکھ 68 ہزار 641 صارفین سے اپیل کی ہے کہ تمام صارفین Covid-19 کی تیسری لہر سے بچاؤ کیلئے احتیاطی طور پر حیسکو دفاتر کا رخ نہ کریں، اپنے گھروں میں رہیں تا کہ خود بھی محفوظ رہیں اور اپنوں اور عوام کو بھی محفوظ رکھیں، حیسکو نے عوام کی سہولت کیلئے پہلے ہی اپنے سینٹرل کنٹرول سینٹروں کے نمبرز دے رکھے ہیں صارفین ان نمبروں پر رابطہ کر سکتے ہیں، 022-9240136 , 022-9240006، موبائل نمبر , 0304-1927610 , 0304-1927608 , 0304-1927611 0304-1927612 پر رابطہ کر کے شکایت درج کرائیں یا حیسکو ہیلپ لائن 118 اور 8334 پر ایس ایم ایس بھی کر سکتے ہیں صارفین ٹیلی فون پر اپنے مسائل بتائیں اور ان کو حل کروائیں، احتیاطی تدابیر اپناتے ہوئے کہیں پر بھی جائیں تو ماسک لازمی پہنیں اور اپنے ساتھ سینیٹائیزر بھی رکھیں، صابن سے بار بار ہاتھ دھوئیں، 6 فٹ کا فاصلہ برقرار رکھیں تا کہ دوسرے بھی اس وبأ سے محفوظ رہ سکیں، تمام حیسکو ملازمین کو بھی فی الفور کام کے دوران احتیاطی تدابیر اپنانے کی ہدایات دے رکھی ہیں، تا کہ وبأ کو پھیلاؤ سے روکا جا سکے، انہوں نے مزید کہا کہ یہ ہم اپنے لیئے نہیں کر رہے بلکہ دوسروں کو حفاظت فراہم کر رہے ہیں تا کہ وہ بھی اس موذی مرض سے بچیں اور دوسروں کو بھی اس سے محفوظ رکھ سکیں، حیسکو چیف 13 اضلاع میں موجود حیسکو کے کسی بھی دفتر پر اچانک دورہ کر کے کرونا سے بچاؤ کیلئے کیئے گئے احتیاطی اقدامات چیک کر سکتے ہیں، حیسکو انتظامیہ کی ہر ممکن کوشش ہے کہ تمام حیسکو صارفین اس وبا سے بچیں اور احتیاط کر کے اس وبا پھیلاؤ روکیں اور اس کا جڑ سے خاتمہ کریں۔ آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔ مورخہ: **26.04.2021**